# ابو بن ادھم کا خواب

امجد نجمی

ابو بن ادھم نے ایک شب یہ عجیب پر لُطف خواب دیکھا
یہ خواب ایسا تھا جس کا اس نے نہ عمر بھر پھر جواب دیکھا

یہ اس نے دیکھا کہ چاندنی اس کے گھر میں چھن چھن کے آ رہی ہے
بہار اپنے شباب کی جو نکھر نکھر کے دکھا رہی ہے

پھر اس فضائے حسیں سے آخر ہوا نمودار اک فرشتہ
لیے ہوئے تھا جو ہاتھ میں اپنے اک چمکتا ہوا صحیفہ

ورق وہ اس کے الٹ پلٹ کے کچھ اس میں تحریر کر رہا تھا
جگہ جو خالی ادھر ادھر تھی قلم سے رنگ اس میں بھر رہا تھا

ابو بن ادھم نے کر کے ہمت سوال اس سے کیا یہ کیا ہے؟
یہ آپ کیا لکھ رہے ہیں اس میں بتائیے کیا یہ ماجرا ہے؟

کہا فرشتے نے ''لکھ رہا ہوں میں اس صحیفے میں نام ان کے
خدا سے رکھتے ہیں جو محبت، جو اس میں پکے ہیں اپنی دھن کے''

ابو بن ادھم نے پھر یہ پوچھا کہ ''میرا نام اس میں بھی کہیں ہے؟''
فرشتہ افسوس سے یہ بولا '' کہیں نہیں ہے کہیں نہیں ہے !''

جوابِ خاطر شکن یہ سن کے ابو بن ادھم نے پھر کہا یہ
میں کر نہیں سکتا اس کا دعویٰ کہاں بھلا میرا حوصلہ یہ ؟

مگر یہ ہے التماس میری ''وہاں تو لکھ لیجیے نام میرا
خدا نہیں تو خدا کے بندوں سے پیار رکھنا ہے کام میرا''

یہ بات درج کتاب کرکے فرشتہ غائب ہوا یکایک
پھر اس کے سپنے میں دوسری شب ہوا وہ جلوہ نما یکایک

بنا کے لایا تھا ساتھ اب کی خدا کے پیاروں کی ایک فہرست
حروفِ زرّیں سے جگمگاتا تھا جانفزا اک پیام اس میں
کہ سب سے پہلے لکھا ہوا تھا ابوبن ادھم کا نام اس میں

ا۔ پڑھیے اور سمجھیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پرلطف | : | لطف سے بھرا ہوا | شباب | : | جوانی |
| نمودار | : | ظاہر | صحیفہ | : | کتاب |
| خاطرشکن | : | دل توڑنے والا | التماس | : | گزارش |
| یکا یک | : | اچانک | فہرس | : | فہرست |
| جاں فزا | : | دل کو سکون پہنچانے والا | | | |

## مشق

ا۔ ابو بن ادھم نے کیا خواب دیکھا؟

۲۔ ابو بن ادھم نے فرشتے سے کیا سوال کیا؟

۳۔ فرشتے نے ابو بن ادھم کے سوال کا کیا جواب دیا؟

۴۔ فرشتہ صحیفوں میں کن لوگوں کا نام لکھ رہا تھا؟

۵۔ ابو بن ادھم نے فرشتے سے کیا التجا کی؟

۶۔ اگلی رات فرشتہ ابو بن ادھم کے لئے کیا پیام لایا؟

۷۔ جملے بنائیے: پرلطف۔ نمودار۔ صحیفہ۔ خاطرشکن۔ التماس۔ حوصلہ

☆☆☆